
4625CH28

سبق 28

# درختوں سے محبت



درختوں پر ہے چڑیوں کا بسیرا
درختوں سے مِلے سایہ گھنیرا
خوشی سے چہچہا تے ہیں پرندے
خدا کی حمد گاتے ہیں پرندے
مسافر دھوپ سے گھبرا کے آئیں
تو ٹھنڈی چھاؤں میں آرام پائیں

سڑک، میدان، رَستوں پر گھروں پر
درختوں کا اثر ہے مَوسموں پر
بَڑے بوڑھے ہمارے کہہ گئے ہیں
درختوں سے ہزاروں فائدے ہیں
بَڑوں کی یہ نصیحت یاد رکھیں!
درختوں کو سدا آباد رکھیں

(مدحت الاختر)

© NCERT not to be republished

# مشق

## 1. پڑھیے اور سمجھیے:

| | |
|---|---|
| بسیرا | پرندوں کے ٹھہرنے کی جگہ |
| گھنیرا | گھنا |
| حمد | خدا کی تعریف |
| مسافر | سفر کرنے والا |
| نصیحت | اچھی صلاح، نیک مشورہ |

## 2. سوچیے اور بتائیے:

1. پرندے کہاں بسیرا کرتے ہیں؟
2. درختوں سے مسافروں کو کیا فائدہ ہے؟
3. بزرگوں نے درختوں کے بارے میں کیا کہا ہے؟
4. درختوں کو ہمیشہ آباد رکھنے کا کیا مطلب ہے؟

## 3. نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے:

1. ................. سے ملے سایہ گھنیرا
2. خدا کی ................. گاتے ہیں پرندے

© NCERT not to be republished

3. مسافر ................ سے گھبرا کے آئیں

4. درختوں کا اثر ہے ...................... پر

5. بڑوں کی یہ ...................... یاد رکھیں


## 4. حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے:

| الف | ب |
|---|---|
| بسیرا | پائیں |
| موسموں | گاتے |
| چھپاتے | آباد |
| آئیں | گھنیرا |
| یاد | گھروں |

## 5. نیچے دیے ہوئے لفظوں کے واحد لکھیے:

| درختوں | چڑیوں | رستوں | گھروں | موسموں | سڑکوں |
|---|---|---|---|---|---|
| ................ | ................ | ................ | ................ | ................ | ................ |

© NCERT not to be republished





## 6. پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے :

بعض لفظوں کا تلفظ ایک جیسا ہوتا ہے لیکن معنی اور املا کے اعتبار سے وہ مختلف ہوتے ہیں۔ جیسے ''سدا'' اور ''صدا''۔ پہلے لفظ کا مطلب ہے ''ہمیشہ'' جب کہ دوسرے کا مطلب ''آواز'' ہے۔ اسی طرح نیچے لکھے ہوئے لفظوں کا مطلب استاد کی مدد سے اپنی کاپی میں لکھیے۔

عاری آری کسرت کثرت عام آم

جال جعل الم علم

## 7. لکھیے :

درختوں کے فائدے پر پانچ جملے لکھیے۔

## 8. خوش خط لکھیے :


بسیرا .................. .................. .................. .................. ..................

گھنیرا .................. .................. .................. .................. ..................

چھاؤں .................. .................. .................. .................. ..................

فائدے .................. .................. .................. .................. ..................

نصیحت .................. .................. .................. .................. ..................



© NCERT not to be republished